# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment


## پریس ریلیز

**وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب، سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج اور گندم کی کاشت سے متعلق جاری مہم کا جائزہ لیا گیا**

**وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج اور زیادہ گندم اُگاؤ مہم کاشتکاروں کی معاشی خوشحالی کا ذریعہ ثابت ہوں گے۔وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور، **04 دسمبر 2024**:صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج اور زیادہ گندم اُگاؤ مہم سمیت دیگر اہم منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے

اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر کسان کارڈ کے ذریعے 30 فیصد کیش نکلوانے کی سہولت بھی کاشتکاروں کو مہیا کر دی گئی ہے۔اس کے علاوہ نان ڈیجیٹائزڈ موضع جات کے کاشتکاروں بھی کسان کارڈ کے حصول کیلئے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے حصول کے لیے 13 لاکھ سے زائد کاشتکاروں نے اپنی درخواستیں جمع کرا دی ہیں جن میں سے بینک آف پنجاب نے 5 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کی سکروٹنی مکمل کر لی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے اب تک 27 ارب روپے کی صوبہ میں خریداری کی جا چکی ہے جن میں سے 12 ارب روپے ڈی اے پی کھاد کی خرید پر کاشتکاروں نے خرچ کئے ہیں۔مجموعی طور پر کسان کارڈ کے ذریعے 91 فیصد کھادوں کی خرید کی گئی ہے۔اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو امسال بلاسود قرضہ سکیم کے ذریعے بروقت گندم کی خرید کیلئے زرعی مداخل کی سہولت مل گئی اور انہیں مڈل مین کے چنگل سے نجات حاصل ہوئی۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے کسان کارڈ سے خریداری کے عمل کی باقاعدہ نگرانی اور بیج، کھاد اور زرعی ادویات کی مصنوعی قلت یا سرکاری قیمتوں سے زائد وصولی پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی اور ایسے ڈیلرز کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات دیئے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے خریداری کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور کسی بھی اوور چارجنگ کی شکایت کے نتیجہ میں متعلقہ ڈیلر کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔کاشتکار کسان کارڈ کے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں محکمہ زراعت پنجاب کی زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 کامیاب کاشتکاروں میں 9382 کاشتکاروں کو الاٹمنٹ لیٹر ایشو کر دیے گئے ہیں۔اب تک 7110 کاشتکاروں نے اپنے حصے کی کی رقم بینکوں میں جمع کرا دی ہے۔اب تک 1280 گرین ٹریکٹرز کی

مینوفیکچرنگ مکمل ہوچکی ہے۔

اس موقع پر وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ وزیراعلی پنجاب سولرائزیشن آف ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں 8 ہزار بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویل کوسولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ ایسے کاشتکار جو ڈیجیٹل درخواستیں جمع نہ کراسکیں وہ اصلاح آبپاشی کے دفاتر سے رابطہ قائم کر کے اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔اس پروگرام کے لیے وزیراعلی پنجاب نے 2.5 ارب روپے کی منظوری دی ہے۔اس پروگرام کیلئے درخواستوں کی وصولی کا عمل 9 دسمبر سے شروع ہوگا۔اس کے لیے کوٹا ضلعی سطح پر مقرر کیا گیا ہے اور متعلقہ اضلاع میں ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں کی موجودگی میں اس کی قرعہ اندازی کی جائے گی۔وزیراعلی پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت اب تک 1 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کوفراہم کیے جاچکے ہیں۔امسال سپر سیڈر کے استعمال سے 1 لاکھ ایکڑ سے زائد اراضی پر دھان کی باقیات کو سائنسی طور پر کارآمد بنایا گیا ہے۔جولائی 2025 تک مزید 4000 سپر سیڈرز کاشتکاروں کوفراہم کر دیے جائیں گے تاکہ دھان کی فصل کو آگ لگنے سے بچایا جا سکے۔اس کے علاوہ ساہیوال، سرگودھا، ملتان اور بہاولپور میں ایگری مالز کے قیام کے سلسلے میں بھی اپنی ٹائم لائن کے مطابق پیشرفت جاری ہے۔صوبہ پنجاب میں اب تک 1 کروڑ 52 لاکھ سے زائد رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جاچکا ہے جو کہ کل ہدف کا 98.7 فیصد ہے۔گندم کی کاشت کا ہدف حاصل کرنے کے لیے تمام وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔صوبہ بھر میں ڈی اے پی سمیت دیگر کھادیں وافر مقدار میں موجود ہیں اور کاشتکاروں کو کنٹرول ریٹ پر دستیاب ہیں۔وزیراعلی پنجاب کے "زیادہ گندم اگاؤ" پیکج کے تحت زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں۔اس ضمن میں کاشتکار اپنی درخواستیں 15 دسمبر 2024 تک آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔اس کے علاوہ مارکیٹوں میں گندم کے معیاری بیج اور کھادوں کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ کسان پیکج کے تحت تل، سویابین اور کینولہ کی کاشت کیلئے نمائشی پلاٹس لگائے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے سیمینارز بھی منعقد کئے جارہے ہیں۔اجلاس میں صوبائی وزیر نے زرعی آلات کی مقامی طور پر تیاری اور فراہمی کے بھی اُمور کا جائزہ لیا

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کسان پیکج کی ٹائم لائنز کو من وعن عملدرآمد جاری ہے۔گندم کی کاشت کے سلسلے میں محکمہ زراعت توسیع، زرعی یونیورسٹیوں کے طلبہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت بھرتی ہونے والے انٹرنیز متحرک ہیں۔انہوں نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج کی ٹائم لائنز پر عملدرآمد جاری ہے اور اس کے علاوہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنانے کیلئے تمام وسائل وذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، رانا تجمل، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی موجود تھے جبکہ چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر ساجد الرحمان نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆